رائے عامہ سروے

## صحت

## کورونا وائرس

# دنیا بھر میں 44% جوابدہندگان کی نسبت 63% پاکستانیوں کے مطابق کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے۔


*(گیلپ پاکستان کے تعاون سے کیا جانے والا گیلپ انٹرنیشنل سروے)۔*

(اسلام آباد، 08 مارچ، 2022)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، دنیا بھر میں 44% جوابدہندگان کی نسبت 63% پاکستانیوں کے مطابق کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" خاص طور پر کورونا وائرس (کوویڈ-19) کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟- میرے خیال میں کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے "**۔اس سوال کے جواب میں 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے بہت زیادہ متفق ہیں کہ کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے، 34% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے متفق ہیں، 24% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے غیر متفق ہیں، جبکہ 11% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے بہت زیادہ غیر متفق ہیں کہ کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"خاص طور پر کورونا وائرس (کوویڈ-19) کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟- میرے خیال میں کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جا رہا ہے۔"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ملک کے اعتبار سے نتائج:

کینیا سے تعلق رکھنے والے نصف سے زائد جوابدہندگان (51%) اس بات سے بہت زیادہ متفق ہیں کورونا وائرس کا خطرہ اتنا نہیں جتنا بڑھا چڑھا کر بتایا جارہا ہے جبکہ برطانیہ سے تعلق رکھنے والے 37% جوابدہندگان اس بات سے بہت زیادہ غیر متفق ہیں۔

ملک کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دسمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, March 8, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)